# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

## نوٹیفکیشن نمبر 54/25

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ ہذا کے زیر اہتمام امتحان سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ جماعت نہم و دہم (فرسٹ اینول) 2026ء کے شروع ہونے کی تاریخ 03-03-2026 ہے۔ مذکورہ امتحان میں شرکت کے لیے ریگولر اور پرائیویٹ امیدواران کے داخلہ فارم / امتحانی فیس کی وصولی بارے شیڈول حسب ذیل ہے۔

## آغاز امتحان سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (فرسٹ اینول) 03-03-2026

| نمبر شمار | تصریحات | شیڈول |
|---|---|---|
| 1 | سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تواریخ | 04 نومبر 2025ء تا 27 نومبر 2025ء |
| 2 | دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تواریخ | 28 نومبر 2025ء تا 11 دسمبر 2025ء |
| 3 | تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تواریخ | 12 دسمبر 2025ء تا 24 دسمبر 2025ء |

## مذکورہ بالا امتحانات کے سلسلہ میں شرح فیس داخلہ

| گروپ | فیس نہم (پارٹ I) | فیس دہم (پارٹ II) | نہم و دہم (دونوں کلاسز) / کمپوزٹ داخلہ فیس |
|---|---|---|---|
| سائنس گروپ ریگولر | =/700 روپے | =/700 روپے | =/1400 روپے |
| آرٹس گروپ ریگولر | =/650 روپے | =/650 روپے | =/1300 روپے |
| آرٹس گروپ ریگولر معہ پریکٹیکل مضامین | =/700 روپے | =/700 روپے | =/1400 روپے |
| آرٹس گروپ پرائیویٹ بغیر پریکٹیکل مضمون | =/700 روپے | =/700 روپے | =/1400 روپے |
| آرٹس گروپ پرائیویٹ معہ پریکٹیکل مضمون/مضامین | =/750 روپے | =/750 روپے | =/1500 روپے |
| سائنس گروپ پرائیویٹ | =/750 روپے | =/750 روپے | =/1500 روپے |
| سرٹیفکیٹ (سند) فیس ریگولر/پرائیویٹ امیدواران کے لیے | =/1200 روپے مذکورہ فیس جماعت دہم کا امتحان دینے والے امیدواران کو صرف ایک مرتبہ داخلہ فیس کے ساتھ جمع کروانا ہوگی۔ | | |
| رجسٹریشن فیس | =/1000 روپے مذکورہ فیس صرف پہلی بار شرکت کرنے پر عائد/وصول کی جائے گی۔ | | |
| پروسیسنگ فیس جماعت نہم و دہم گورنمنٹ/الحاق شدہ ادارے | =/1000 روپے فی طالب علم | | |
| پروسیسنگ فیس جماعت نہم و دہم پرائیویٹ امیدواران | =/1000 روپے فی طالب علم | | |
| پوسٹل چارجز (پرائیویٹ امیدواران) | =/200 روپے فی طالب علم | | |

**اہم قواعد و ہدایات:۔**

(1) امتحان سیکنڈری سکول (نہم/دہم) فرسٹ اینول 2026ء کے لیے ریگولر امیدواران کا تمام Data بورڈ ہذا کی آفیشل WebSite پر Upload کر دیا گیا ہے۔ جس سے ادارہ جات اپنے داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ کریں اور ان کو مکمل کر کے مقرر کردہ شیڈول کے مطابق دفتر ہذا میں جمع کروائیں۔

(2) امتحان سیکنڈری سکول (نہم/دہم) فرسٹ اینول 2026ء کے لیے پرائیویٹ امیدواران اپنے داخلہ کے لئے بورڈ کی آفیشل ویب سائٹ www.bisegrw.edu.pk سے چالان حاصل کرتے ہوئے فیس کی ادائیگی اور ویری فیکیشن ہونے کے بعد ہی داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ کر سکیں گے۔ تاہم بعد از تصدیق داخلہ فارم بورڈ کی ویب سائٹ پر اپلوڈ کرنا لازم ہو گا۔ بورڈ ہذا کی فیس بذریعہ حبیب بنک لمیٹڈ کی نامزد برانچز HBL KONNECT ، JAZZ CASH، EASY PAISA اور 1 BILL کے ذریعہ جمع کروائی جاسکتی ہیں۔ نیز متذکرہ بالا فیس شیڈول کی آخری تاریخ کو فیس جمع کروانے کی صورت میں اگلے تین ایام تک داخلہ فارم بورڈ کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرنا لازم ہوگا۔ بصورت دیگر تین ایام گزرنے کے بعد داخلہ فارم اپ لوڈ کرنے کے لئے رائج الوقت شیڈول کے مطابق فیس لاگو ہوگی۔

(3) حکومت پنجاب نے پبلک سیکٹر کے ریگولر امیدواران کو رجسٹریشن اور امتحانی فیس سے مستثنیٰ قرار دیا ہے۔ **تاہم**

(I) اگر کسی امیدوار کا داخلہ فیس شیڈول کے مطابق دوسرے یا تیسرے فیز میں آیا تو اس سے مروجہ شیڈول کے تحت فیس وصول کی جائے گی۔

(II) ریگولر امیدواران جماعت نہم کے امتحان کے لیے پروسیسنگ فیس مبلغ =/1000 روپے جمع کرائیں گے۔

(III) پرائیویٹ امیدواران نہم کے امتحان کے لیے پروسیسنگ فیس مبلغ =/1000 روپے کے ساتھ داخلہ فیس بھی جمع کروائیں گے۔

(IV) ریگولر امیدواران جو جماعت نہم کے امتحان میں Re-Admit ہوں وہ بھی داخلہ فیس کے علاوہ پروسیسنگ فیس مبلغ =/1000 روپے جمع کروائیں گے۔ جبکہ پرائیویٹ امیدواران جو دوبارہ جماعت نہم کا امتحان دے رہے ہیں وہ داخلہ فیس + رجسٹریشن فیس کے علاوہ پروسیسنگ فیس مبلغ =/1000 روپے جمع کروائیں گے۔

(4) پبلک سیکٹر کے ریگولر امیدواران جو کلاس دہم کا امتحان دے رہے ہیں وہ پروسیسنگ فیس مبلغ =/1000 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس مبلغ =/1200 روپے جمع کروائیں گے۔ علاوہ ازیں پرائیویٹ سیکٹر کے الحاق شدہ ادارے اور پرائیویٹ امیدواران پروسیسنگ فیس مبلغ =/1000 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس مبلغ =/1200 روپے کے علاوہ داخلہ فیس بھی جمع کروائیں گے۔

(5) ایسے Re-Appear امیدواران جو ایک یا دو فیل شدہ مضمون / مضامین کا امتحان دے رہے ہیں جن کا پریکٹیکل نہیں ہے مگر اس سے پہلے وہ پریکٹیکل والا مضمون پاس کر چکے ہیں تو انہیں سائنس گروپ کیٹیگری میں داخلہ فیس جمع کروانا ہوگی۔

(6) امتحان میں دوبارہ شامل ہونے والے ریگولر / پرائیویٹ امیدواران اپنا سابقہ رولنمبر بمعہ سال کے ساتھ بورڈ ہذا کی ویب سائٹ سے اپنا داخلہ فارم حاصل کر سکتے ہیں۔

(7) جمع شدہ فیس ناقابلِ واپسی ہوگی۔

(8) کوئی بھی ادارہ/امیدوار (Double) داخلہ فارم بھجوانے کا مجاز نہ ہوگا۔ ایسا کرنے پر بورڈ ہذا کے نوٹیفکیشن نمبر 46/17 مورخہ 26-10-2017 کے تحت ان کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(9) سربراہ ادارہ جات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ داخلہ فارم پر اصل امیدوار کے دستخط و نشان انگوٹھا ثبت کروائیں۔ تصدیق کے بعد غلط ثابت ہونے پر سربراہ ادارہ کے خلاف قواعد کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(10) سربراہ ادارہ جات سے اس امر کو یقینی بنانے کی بھی درخواست ہے کہ وہ فون نمبر / موبائل نمبر کے کالم میں امیدوار کا فون نمبر یا اس کے والد / گارڈین کا فون نمبر ہی درج کریں۔ نیز ہر امیدوار کے داخلہ فارم پر ب فارم نمبر اور والد کا شناختی کارڈ نمبر بھی درست درج کریں۔

(11) درج بالا شیڈول کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔

(12) ایسے امیدواران جو دہم میں شامل امتحان ہو چکے ہوں وہ صرف جماعت نہم کا نہ تو داخلہ فارم دوبارہ بھجوا سکتے ہیں اور نہ ہی امتحان دے سکتے ہیں۔

۔دستخط۔

**(ڈاکٹر محمد احتشام جان بٹ)**

کنٹرولر امتحانات

کاپی برائے اطلاع:۔

1۔ جملہ سیکرٹریز انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ، پاکستان

2۔ گوجرانوالہ بورڈ کی حدود میں واقع تسلیم شدہ ہائیر سیکنڈری سکولز / سیکنڈری سکولز کے سربراہان

3۔ جناب اسٹیشن کمانڈر، گوجرانوالہ کینٹ

4۔ جناب ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، گوجرانوالہ ریجن، گوجرانوالہ

5۔ جناب مینجر، حبیب بنک لمیٹڈ بورڈ کیمپس اور دوسری برانچز کیلئے 50 کاپیاں

6۔ سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)

7۔ داخلی تقسیم

**اسسٹنٹ سیکرٹری (اکیڈمک)**

مورخہ: 01-11-2025